بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجامعة الإسلامية دار العلوم وقف ديوبند الهند

DARUL - ULOOM WAQF DEOBAND -247554 (U.P.) INDIA

التاریخ ______________

الرقم ______________

حضرت مولانا شیخ محمد یونس صاحب نور اللہ مرقدہ کے سانحۂ ارتحال کی انتہائی غم انگیز خبر ارباب دارالعلوم وقف دیوبند کے لئے شدید صدمے کا باعث بنی، فوری طور پر سب سے پہلے ایصال ثواب کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام اساتذہ و اراکین ادارہ شریک رہے۔

حقیقت واقعہ تو یہ ہے کہ اس دنیا میں دوام کسی کو حاصل نہیں ہے جانا تو ہر ایک کو ہے لیکن صدمات وفات میں فرق ہے۔ موت اگر کسی کے آنگن میں آئے تو صدمہ ایک گھر کو پہنچتا ہے، لیکن فرشتۂ اجل کسی نابغۂ روزگار شخصیت اور عالم کبیر جس کی فیض رسانی سے ایک زمانہ سیراب ہو رہا ہو کے دروازے پر دستک دیدے تو اس کا صدمے میں پوری قوم یکساں طور پر شامل ہوتی ہے، تمام صاحبان بصیرت اس حقیقت کا ادراک رکھتے ہیں۔ حضرت شیخ علیہ الرحمہ کی رحلت کی نوعیت بھی کچھ ایسی ہی ہے جن کی وفات سے ملک و بیرون ملک کے تمام دینی و علمی حلقوں نے شدید صدمہ محسوس کیا گیا ہے۔

خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب دامت برکاتہم صدر مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند نے حضرت شیخ رحمہ اللہ کی وفات کے حادثے کو علمی حلقے کا بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے مشیت ربانی کی حکمت جتاتے ہوئے اساتذہ کو صبر کی تلقین اور اپنے اکابرین و محسنین کے لئے دائماً و معمولاً ایصال ثواب کے اہتمام کی نصیحت فرمائی۔

ذات حق جل مجدہ کی بارگاہ میں ہم تمام ہی ارباب ادارہ دست بہ دعا ہیں کہ حق تعالیٰ حضرت شیخ رحمہ اللہ کو اعلیٰ علیین میں مقام کریم سے سرفراز فرماتے ہوئے ہم اخلاف کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی نعمت سے سرفراز فرمائیں۔ آمین یا رب العالمین

محمد سفیان قاسمی

مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند

۱۶ر شوال المعظم ۱۴۳۸ھ

Office: +91-1336-222752, Mobile: +91-9927515725 - E mail: deputyrector@dud.edu.in, info@dud.edu.in
website: www.dud.edu.in / www.darululoomwaqf.com